**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Pakistan Studies Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ ''آپ بلاشُبہ میری اس بات سے اتفاق کریں گے کہ حکومت کی پہلی ذمہ داری امن و امان برقرار رکھنا ہے تاکہ ریاست کی طرف سے شہریوں کی جان، مال اور مذہبی عقائد کا مکمل طور پر تحفظ ہو۔''

(قائداعظم کی 11اگست 1947میں قانون ساز اسمبلی کے خطاب سے اقتباس)

دیا گیا اقتباس نظریۂ پاکستان کے درج ذیل کون سے اصول کو ظاہر کرتا ہے؟

A۔ انصاف
B۔ ایمان داری
C۔ بھائی چارہ
D۔ دیانت داری

2۔ 1910-1900 کے دوران علی گڑھ تحریک کا ممکنہ طور پر مسلمانوں پر سب سے بڑا سیاسی اثر کیا پڑا تھا؟

A۔ اعلیٰ عہدوں پر مسلمانوں کو نوکریاں مل گئیں
B۔ مسلمانوں نے خود کو مغربی تعلیم سے روشناس کرایا
C۔ مسلمانوں نے انگریزوں کے سامنے علیحدہ انتخابات کے لیے اپنی رائے کا اظہار کیا
D۔ برِّ صغیر میں مسلم اکثریتی علاقوں میں مسلمان حکومتی امور چلانے کے اہل ہوگئے

3۔ تحریکِ خلافت (1924-1919) کا سب سے بڑا منفی اثر یہ تھا کہ اس تحریک سے

A۔ افغانستان اور برِّصغیر کے تعلقات خراب ہوگئے۔
B۔ مسلمانوں کے بہ جائے ہندو راہ نماؤں پر اعتماد پیدا ہوا۔
C۔ مسلمانوں کو معاشرے میں اپنی سماجی و معاشی حیثیت کو کھونا پڑا۔
D۔ ہندوؤں اور انگریزوں کے درمیان ناراضگی پیدا ہوئی۔

4۔ قراردادِ لاہور 1940 کے ذریعے مسلمانوں نے کون سا مطالبہ کیا؟

A۔ وفاق کا
B۔ خود مختار ریاست کا
C۔ ایک آزاد ریاست کا
D۔ علیحدہ انتخابات کا

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

5۔ 1947 کے قانونِ آزادیٔ ہند کے مطابق، اُن سرکاری ملازمین کے لیے کیا معاملہ اختیار کیا گیا جو اس قانون کے نفاذ سے قبل انگریز حکمرانوں کی سربراہی میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے؟

A۔ وہ اپنی مدّتِ ملازمت پوری کر سکیں گے
B۔ اُنھیں آزادی کے بعد نوکری سے نکال دیا جائے گا
C۔ اُنھیں اُن کے مذہب کے مطابق کہیں اور بھیجا جائے گا
D۔ اُن سے استعفیٰ مانگ کر دوسری نوکری کرنے کا اختیار دیا جائے گا

6۔ برٹش انڈیا کے وہ کون سے دو صوبے تھے جن کی حدود کا تعین باؤنڈری کمیشن نے 1947 میں چیئرمین سر ریڈ کلف کی سربراہی میں کیا؟

A۔ بنگال اور آسام
B۔ پنجاب اور بنگال
C۔ اُتر پردیش اور بنگال
D۔ پنجاب اور سرحد (N.W.F.P)

7۔ اسلامائزیشن کے تحت، پاکستان کے آئین سے ربا کا خاتمہ کب کیا گیا تھا؟

A۔ 1949
B۔ 1956
C۔ 1962
D۔ 1973

8۔ ''یہ بلیک مارکیٹر (black marketeers) اصل میں نہایت چالاک، ہوشیار اور ذمہ دار عہدوں پر فائز ہوتے ہیں اور جب یہ بلیک مارکیٹنگ میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو میرے خیال میں انھیں سخت سے سخت سزا ملنی چاہیے۔''

(قائداعظم کی 1947 کی قانون ساز اسمبلی کی تقریر سے اقتباس)

دیے گئے اقتباس کے پیشِ نظر، قائدِ اعظم کی اس فعل کی مخالفت کی وجہ یہ تھی کہ اس سے

A۔ بھوک اور اموات بڑھ جاتی ہیں۔
B۔ دولت چند لوگوں کے ہاتھوں میں رہتی ہے۔
C۔ ملک میں معاشی عدم توازن پیدا ہوتا ہے۔
D۔ شہریوں کے مابین فرق بڑھ جاتا ہے۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

9- پاکستان کے 1956 کے آئین کی ناکامی کی اہم وجہ کیا تھی؟

A- بلواسطہ انتخابات کا عمل

B- وزیر اعظم کو تفویض کردہ اختیارات

C- پاکستان میں پارلیمانی نظام کی ناکامی

D- پاکستان میں بنیادی جمہوریتی نظام کا قیام

10- 1973میں پاکستان میں دو ایوانی مقننہ (bicameral legislature) متعارف کرانے کے پیچھے کیا وجہ تھی؟

A- قومی اسمبلی میں سیٹوں کی تعداد میں اضافہ کرنا

B- پارلیمنٹ میں اقلیتوں کی نمائندگی کو یقینی بنانا

C- چھوٹے صوبوں کے حقوق کا تحفظ کرنا

D- بڑے صوبوں کے حقوق کا تحفظ کرنا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11- درج ذیل میں سے کون سی دستاویز ہے جس میں تین موضوعات وفاقی، صوبائی اور بیک وقت اختیارات(concurrent) کا ذکر ہے؟

A- 1949کی قرارداد مقاصد

B- 1956کا پاکستان کا آئین

C- 1962کا پاکستان کا آئین

D- 1973کا پاکستان کا آئین

12- جنرل پرویز مشرف (1999-2008) کا متعارف کرایا گیا مقامی حکومت کا نظام زیادہ کامیاب اور عوام کے لیے قابل قبول تھا کیوں کہ اس

A- میں بلاواسطہ انتخابات کا نظام تھا۔

B- نے نچلی سطح پر مالی اختیارات منتقل کرنے (financial devolution) میں مدد کی۔

C- سے عوام میں جمہوریت کے حوالے سے آگاہی پیدا ہوئی۔

D- میں مقامی حکومت کے ماتحت ٹاؤن پولیس کو متعارف کرایا گیا۔

13۔ حضرت عمر فاروقؓ کا درج ذیل میں سے وہ کون سا اقدام تھا جس سے ریاست کی آمدنی اور اخراجات کے انتظام کو چلانے میں مدد ملی؟

A۔ بیت المال کا قیام
B۔ بارہ صوبوں کا قیام
C۔ اسلامی کیلینڈر کا اجرا
D۔ مردم شماری کا انعقاد

14۔ کووِیڈ-19 کے دوران، حکومتِ پاکستان نے ابتدائی مرحلے میں احتیاطی تدابیر اختیار کر لی تھیں، اُس کے باوجود صورتِ حال پر قابو نہیں پایا جا سکا۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر، حکمرانی کا یہ مسئلہ اس دوران کس طرح حل ہو سکتا تھا؟

A۔ مسلح افواج کا عمل دخل ہوتا
B۔ شہریوں نے حکومت کے احکامات پر عمل کیا ہوتا
C۔ حکومت اور میڈیا کے مابین رابطہ ہوتا
D۔ سرکاری دفاتر میں احتساب کا کوئی نظام ہوتا

15۔ ایسا سماجی ڈھانچہ جس میں مختلف گروہ ایک ساتھ رہتے ہیں اور ملک کے مجموعی اہداف کے حصول کے لیے کام کرتے ہیں، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ ثقافتی تکثیریت
B۔ ثقافتی تنوع
C۔ عالمگیریت
D۔ ریاست

16۔ گندھارا تہذیب کے مختلف مقامات سے ملنے والے آثار (relics) کس مذہب کے پیروکاروں کو ظاہر کرتے ہیں؟

A۔ جین مت
B۔ سکھ مت
C۔ ہندو مت
D۔ بدھ مت

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

17۔ پیداوار، کھپت اور تبادلے سمیت سرگرمیوں کا ایک مربوط مجموعہ (inter-related set of activities) جو اس بات کا تعین کرتا ہے کہ قلیل وسائل کو کس طرح مختص کیا جائے، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ افراطِ زر
B۔ معیشت
C۔ مجموعی قومی پیداوار (GNP)
D۔ مجموعی ملکی پیداوار (GDP)

18۔ اگر کسی ملک کی مجموعی ملکی پیداوار (GDP) میں اضافہ ہوا ہے، تو اس کا کیا مطلب ہے؟

A۔ مقامی صنعتیں فروغ پارہی ہیں
B۔ ادائیگی کا توازن بہتر ہوتا ہے
C۔ ترسیلاتِ زر میں اضافہ ہورہا ہے
D۔ آبادی کے تناسب میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے

19۔ ایک ملک پر افراطِ زر کا کیا **مثبت** اثر پڑے گا؟

A۔ بچت پر شرحِ سود بڑھے گی
B۔ قرضوں کے بوجھ میں کمی آئے گی
C۔ صارفین کی طلب میں اضافہ ہوگا
D۔ لوگوں کو پیسہ لگانے کی ترغیب ملے گی

20۔ دولت کے ارتکاز (concentration of wealth) کے نتیجے میں غریب اور امیر کے مابین پیدا ہونے والے خلا کو پر کرنے کے لیے ذوالفقار علی بھٹو نے اثاثوں کے قومیانے (nationalisation) کی پالیسی اختیار کی۔

ذوالفقار علی بھٹو کی یہ پالیسی اپنے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں کیوں ناکام رہی؟

A۔ جاگیردار طبقہ اس کے خلاف تھا
B۔ حکومت کی طرف سے پالیسی کی توثیق نہیں کی گئی تھی
C۔ حکومت کی طرف سے سیاسی عزم کا فقدان تھا
D۔ انتظام سنبھالنے والے افسران کی مناسب تربیت نہیں کی گئی تھی

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

21۔ شعبۂ تعلیم کو درپیش مشکلات میں سے ایک اسکول کی عمارت تک بچوں کی رسائی ہے۔

مذکورہ مسئلے کے حل کے لیے حکومت نے کیا قدم اٹھایا؟

A۔ تعلیم کو صوبوں کے تابع کرنے کا آغاز کیا ہے

B۔ اساتذہ کی تربیت کے لیے پروگرام شروع کیے ہیں

C۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا آغاز کیا ہے

D۔ تعلیم کو مفت فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے

22۔ کوویڈ۔19 کی وبا کے دوران، طلبہ کی سہولت کے لیے نصاب کو مختصر کر دیا گیا تھا۔ اس سے بعض تصورات کے سیکھنے میں خلا پیدا ہو سکتا ہے۔

مذکورہ مسئلے کے حل کے لیے تعلیمی معاملے میں کون سی تجویز سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہو گی؟

A۔ وبا کے قابو میں آنے تک تعطیلات کا اعلان کیا جائے

B۔ اعلیٰ تعلیم کے پہلے سمسٹر میں ایک بنیادی ماڈیول (basic module) متعارف کرایا جائے

C۔ طلبہ سے یہ توقع کی جائے کہ وہ اپنے طور پر تعلیمی تصورات کا احاطہ کریں گے

D۔ تعلیم کے تمام درجوں سے مذکورہ تعلیمی تصورات (concepts) ختم کیے جائیں

23۔ پاکستان میں علاقائی سطح پر قومی اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ کیا ہے؟

A۔ ملک میں امن و امان کے مختلف نظام

B۔ مقامی نظامِ حکومت کا تعارف

C۔ صوبائی خود مختاری میں اضافہ

D۔ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم

24۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کی صوبائی سطح پر منتقلی کے ساتھ پالیسی اور عمل میں فرق زیادہ سے زیادہ واضح ہوتا جا رہا ہے۔

اٹھارویں ترمیم کی روشنی میں وہ کون سا بنیادی اقدام ہے جو صوبے، قومی یک جہتی کے فروغ کے لیے اٹھائیں گے؟

A۔ پالیسی میں خامیوں کو اجاگر کرنے کے لیے اس کا بہ غور جائزہ لیں گے۔

B۔ سیاق و سباق سے بالاتر ہو کر تمام صوبوں میں ایک ہی پالیسی کا اطلاق کریں گے۔

C۔ بہتر کارکردگی دکھانے والے صوبے کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ان سے سیکھیں گے۔

D۔ ان سے کہا جائے کہ ایک ہی پالیسی کو تمام صوبوں میں نافذ کرنے کے لیے ماہرین کو بھیج دیں گے۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

25۔ احد نے دوسرے علاقے کی یونیورسٹی میں داخلہ لیا ہے کیوں کہ اس کے اپنے علاقے میں تعلیمی اداروں کی کمی ہے۔ مقامی طلبہ نے اس کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا اور اسے یونیورسٹی کے متعدد پروگراموں میں حصہ لینے کی اجازت نہیں دی گئی۔ احد یہ محسوس کرتا ہے کہ مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو بھی موقع ملنا چاہیے کیوں کہ وہ بھی اسی ملک کے ہی شہری ہیں۔

اس سلسلے میں یونیورسٹی میں مختلف علاقوں کی نمائندگی کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے کون سا قدم **فوراً** اٹھا سکتا ہے؟

A۔ یونیورسٹی کی تمام سرگرمیوں کا بائیکاٹ کرے
B۔ مختلف علاقوں کے لوگوں سے بات چیت کرے اور احتجاج کرے
C۔ مختلف علاقوں کے طلبہ کی نمائندگی کے لیے پٹیشن شروع کرے
D۔ یونیورسٹی کو بدنام کرنے کے لیے سوشل میڈیا پر مضامین لکھے

26۔ جنوبی ایشیا کے خطے میں پاکستان کا محلِ وقوع کیوں بڑی اہمیت کا حامل ہے؟

A۔ پاکستان کے پاس ایشیا کی بہترین میزائل ٹیکنالوجی ہے
B۔ پاکستان کے پاس خطے میں توانائی کے بہترین وسائل ہیں
C۔ پاکستان مشرقِ بعید کے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات اُستوار کر سکتا ہے
D۔ پاکستان شاہراہِ ریشم کے ذریعے دوسرے ممالک سے رابطہ قائم کر سکتا ہے

27۔ آزادی کے وقت پاکستان دنیا کے بڑے ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے کا خواہاں تھا، کیوں کہ پاکستان کو درج تمام مسائل کا سامنا تھا، **ماسوائے**

A۔ جغرافیائی سرحدی مسائل۔
B۔ مالی وسائل کی کمی۔
C۔ اندرونی سیاسی جدوجہد۔
D۔ مہاجرین کی آمد۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

28۔ 1954 کے معاہدہ برائے باہمی دفاعی معاونت (Mutual Defense Assistance Agreement 1954) پر دستخط کر کے پاکستان ریاست ہائے امریکا سے معاشی و دفاعی امداد کے حصول پر راضی ہوا۔

امریکہ کی طرف سے دی جانے والی معاشی و دفاعی معاونت کے بدلے میں امریکہ کو کیا چاہیے تھا؟

A۔ پاکستان میں پائے جانے والے معدنی وسائل سے فائدہ اٹھاتا

B۔ پاکستان کی سرزمین کو سویت یونین (Soviet Union) کے خلاف استعمال کرتا

C۔ چین کے ساتھ تجارت کے لئے پاکستان کی گرم پانی کی بندرگاہیں استعمال کرتا

D۔ پاکستان میں امریکی شہریوں کو آن ارائیول ویزا (on arrival visa) کی سہولت دیتا

29۔ درج ذیل میں سے کون سی جنگ میں سویت یونین کے دباؤ کی وجہ سے چین پاکستان کا ساتھ دینے میں ناکام رہا؟

A۔ کشمیر جنگ 1948

B۔ رن آف کچ جنگ 1965

C۔ مشرقی پاکستان جنگ 1971

D۔ کارگل جنگ 1999

30۔ مغربی بلاک سے الگ ہونے کے بعد سویت یونین (Soviet Union) کے ساتھ پاکستان کے تعلقات بہتر ہونا شروع ہوئے۔

اس دوستی کے فائدے کی بہ دولت سویت یونین نے پاکستان میں کہاں سرمایہ کاری کی؟

A۔ تعلیمی میدان میں

B۔ تیل کی تلاش میں

C۔ بڑی صنعتوں میں

D۔ دفاعی صنعتوں میں

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only